مکالمہ

جان۔ اسلام علیکم، اسلم صاحب۔ کیا حال ہے؟

اسلم۔ آپ کی دعا ہے، سب ٹھیک ہے۔ اور آپ ٹھیک ہیں؟

جان۔ جی ہاں، میں بالکل ٹھیک ہوں۔ اسلم صاحب یہ بتائیے، یہ بڑی عمارت کیا ہے؟

اسلم۔ یہ عمارت حبیب بینک ہے۔ کافی نئی عمارت ہے۔

جان۔ اور وہ کیا ہے وہاں؟

اسلم۔ وہ بوہری بازار ہے۔ بہت پرانا بازار ہے اور بہت دلچسپ ہے۔

جان۔ اور وہ آدمی کون ہے؟ وہ سندھی ہے؟

اسلم۔ جی نہیں، وہ پنجابی ہے۔ لیکن یہ عورت یہاں، یہ سندھی ہے۔

جان۔ اچھا اسلم صاحب کراچی بہت دلچسپ شہر ہے۔ دیکھیے، یہاں چائے خانہ ہے۔ چلیے چائے پیئیں۔

جان۔ یہ چائے خانہ واقعی بہت اچھی ہے۔ چائے اچھی ہے اور کھانا بہت مزے دار ہے۔

اسلم۔ جی ہاں، یہاں سب کچھ ہے۔ جان صاحب بتائیے، آپ کا پورا نام کیا ہے؟

جان۔ میرا پورا نام جان اسمتھ ہے۔ اور آپ کا پورا نام کیا ہے؟

اسلم۔ میرا پورا نام محمد اسلم خان ہے۔ میں یہاں کراچی میں انجینئر ہوں اور آپ؟

جان۔ میں کراچی میں سیاح ہوں لندن میں میں ڈاکٹر ہوں۔ کراچی میں آپ کا گھر کہاں ہے؟

اسلم۔ میار گھر بندر روڈ پر ہے۔ بہت دور نہیں۔ گھر پرانا ہے لیکن اچھا ہے۔ آپ کبھی آئیے۔ ایک پاکستانی گھر دیکھئے۔

جان۔ شکریہ، اسلم صاحب۔ آپ کا ٹیلیفون نمبر کیا ہے؟

اسلام۔ میرا نمبر دو، چار، سات، تین، پانچ، دو، چار، ایک ہے۔

جان۔ شکریہ، اور میرا نمبر ایک، چھ، آٹھ، صفر، نو ہے۔

حال	بازار	کیا حال ہے؟	پرانا	دلچسپ	آدمی	کراچی
کون؟	سندھی	سب	پنجابی	لیکن	ٹھیک	عورت
شہر	بالکل	جی ہاں	بڑا	چائے خانہ	عمارت	
کافی						
حبیب بینک	نیا	بوہری بازار	واقعی	مزے دار	کبھی	
ٹیلیفون						
نمبر	ڈاکٹر	لندن	گھر	سیاح		

(آیئے ۔ تشریف لائیے ۔ تشریف رکھیے)

اسلم ۔ آیئے احمد صاحب، تشریف لائیے ۔ کیا حال ہے؟

احمد۔ آپ کی دعا ہے، اسلم صاحب۔ میں ٹھیک ہوں شکریہ۔ میری بیگم سے ملیے۔ ان کا نام تلائی ہے۔ استنبول میں ڈاکٹر ہیں۔

اسلم۔ اسلام علیکم، تلائی صاحبہ۔ آئیے، تشریف لائیے۔ آپ لوگ میری بیگم سے ملیے۔ ان کا نام بلقیس ہے۔

تلائی۔ آداب عرض ہے، بلقیس صاحبہ۔ کیا یہ آپ کے بچے ہیں؟

بلقیس۔ جی ہاں، ہمارے چار بچے ہیں۔ دو لڑکے اور دو لڑکیاں۔ یہ ہمارا بڑا بیٹا ہے۔ اس کا نام حامد ہے۔ اور یہ ہمارا چھوٹا بیٹا ہے۔ اس کا نام اقبال ہے اور یہ ہماری دو بیٹیاں ہیں۔ نرگس اور جمیلہ۔ جمیلہ بہت چھوٹی ہے۔ صرف دو سال۔ دیکھیے ان کی چیزیں ہر جگہ بکھری پڑی ہیں۔

تلائی۔ کوئی بات نہیں۔ بچے ہیں، اور کیا!

بلقیس۔ کیا آپ کے بھی بچے ہیں؟

تلائی۔ جی نہیں، ہمارے بچے نہیں ہیں۔

احمد۔ اسلم صاحب، یہ بتائیے کراچی میں اسکول اچھے ہیں؟

اسلم۔ جی ہاں۔ لیکن میرا بیٹا، حامد یہاں ہے۔ حامد سے پوچھیے۔ اے حامد، تم ادھر آو۔ یہ ہمارے ترک دوست، احمد صاحب ہیں۔

حامد۔ اسلام علیکم، احمد صاحب۔

احمد۔ وعلیکم اسلام۔ حامد، یہ بتاو۔ تمہارا اسکول کہاں ہے؟

حامد۔ میرا اسکول کلفٹن میں ہے۔ بڑا امریکن اسکول ہے۔

احمد۔ اچھا۔ تم امریکن اسکول میں ہو۔ وہاں کتنے بچے ہیں؟

حامد۔ بہت بچے ہیں۔ دو تین سو بچے ہیں۔

احمد۔ وہاں لڑکیاں بھی ہیں یا صرف لڑکے ؟

حامد۔ صرف لڑکے ہیں ۔ لڑکیاں نہیں ۔

احمد۔ اور اسکول میں تم خوش ہو؟

حامد۔ جی ہاں، ہم لوگ وہاں بہت خوش ہیں ۔

احمد۔ اور کلفٹن کہاں ہے ؟ یہاں سے دور ہے ؟

حامد۔ جی ہاں، یہاں سے کافی دور ہے ۔ لیکن اچھی جگہ ہے ۔

بلقیس۔ آئیے کھانا تیار ہے ۔ آپ لوگ یہاں بیٹھیے ۔

احمد۔ او ہو! میز پر کتنی مزے دار چیزیں ہیں ۔ کیا تکلف ہے !

اسلم۔ جی نہیں ۔ کوئی تکلف نہیں ۔ مرغی، روٹی ہے، چاول ہے، دال ہے ۔ بس ۔

تلائی۔ آپ کا گھر بہت اچھا ہے ۔ یہاں کتنے کمرے ہیں ؟

اسلم۔ ہمارا گھر بہت بڑا نہیں ۔ سات کمرے ہیں لیکن یہاں بہت لوگ ہیں ۔ ہم ہیں، ہمارے بچے ہیں، میرے والدین، یعنی والد صاحب اور والدہ ۔ ۔ ۔

بلقیس۔ ۔ ۔ ۔ اور میرے چچا ہیں، میری نانی بھی ہیں اور دو تین نوکر ۔

احمد۔ کیا، سب لوگ ایک گھر میں ؟

اسلم۔ جی ہاں ۔ یہ پاکستان ہے ۔ ترکی، انگستان یا کوئی اور جگہ نہیں ۔ یہ مشکل نہیں ہے ۔

بلقیس۔ لیکن ہر جگہ آپ کی کتابیں بکھری پڑی ہیں ۔ یہ بہت مشکل ہے ۔

اسلم۔ کیا مشکل ہے ؟ یہ سب میری کتابیں ہیں ۔ اور کیا؟

احمد۔ کوئی بات نہیں ۔ کتابیں بہت اچھی چیزیں ہیں ۔

لڑکا، لڑکے آئیے آنا لانا لائیے بڑ-ا-ے-ی

حامد بیگم صاحبہ لوگ آپ لوگ سال بچہ

ہر جگہ اسکول خوش جگہ کتنا؟ کتنے؟

کتنی؟ ایک سو دو سو چار سو تکلف یعنی تیار

کمرہ روٹی دال چاول

____

____

____

____

____

<u>خالی جگہ پر کریں۔</u>

ادب	تصوّر	قومی	میٹھا	برکت	۱۹۴۷ء
لاہور	دولت	سچ	چوں چوں	بری	دکھ

علاّمہ اقبال نے پاکستان کا __________ پیش کیا۔ لالچ

__________ بلا ہے۔

بزرگوں کا __________ کرنا چاہیے۔ پاکستان

__________ میں قائم ہوا۔

ہمیشہ __________ بولو۔ کسی کو

__________ نہ دو۔

علم بہت بڑی __________ ہے۔ صبر کا

پھل __________ ہوتا ہے۔

چڑیاں __________ کرتی ہے۔ اردو پاکستان کی

__________ زبان ہے۔

اتفاق میں __________ ہے۔

پنجاب کا دارالحکومت __________ ہے۔

<u>متضاد الفاظ</u>

ابتدا	نیکی	خرید	خوشی	تاریک	سخت	دوست	تازہ	آزادی	صبح	ٹھنڈا	سستا	درست	غریب	زندگی

روشن	غمی	بدی	انتہا	بدی	دشمن	نرم	غلامی	شام	باسی	امیر	موت	گرم	مہنگا	غلط

جنوری	فروری	مارچ	اپریل	مئی	جون	جولائی	اگست	ستمبر	اکتوبر	نومبر	دسمبر